## سوال

(511) زید نے اپنی رائے سے بیوی سے ملاپ کیا اور بیٹی کا بوسہ لیا الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

رمضان میں زید خشکی کے راستے جا رہا تھا۔ چار پانچ کوس تک ایسے پہاڑوں ہو کر راستہ تھا جہاں بجز پتھر کے دوسری چیز گھاس پانی مٹی نہ تھی۔ جس سے افطار کرے۔ زید نے اپنی رائے سے بیوی سے ملاپ کیا اور بیٹی کا بوسہ لیا یہ ہے کہ تینوں کا روزہ ہوا یا نہیں اور شرعا تینوں پر کیا حکم صادر ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جماع اکل وشرب کی طرح مفطر ہے اس لئے کوئی حرج نہیں بیٹی کا بوسہ اگر شفقت پدری کی نیت سے لیا تو خیر اگر بدنیتی سے لیا تو سخت مجرم ہے روزہ صحیح ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد01ص656**

محدث فتویٰ